آپ کا NHS سے
دانتوں کا چیک اپ

NHS



آپ کے دانتوں کے چیک اپس کے بارے میں معلومات اور یہ کہ آپ کو دانتوں کا کوئی چیک اپ کب کروانا چاہیئے

ایسے بالغ افراد جن کے دانت اور مسوڑھے صحت مند ہوں جنہیں دانتوں کی کوئی بیماری لاحق ہونے کا کم خطرہ لاحق ہو، انہیں تقریباً **ہر دو سال بعد چیک اپ کروانا چاہیئے**۔

چیک اپ کیا ہوتا ہے؟

چیک اپ کے دوران ڈینٹل ٹیم کا ایک رکن آپ کے دانتوں، مسوڑھوں، اور منہ کا جائزہ لیتا ہے۔ وہ دانتوں کی خرابی، منہ کے کینسر اور مسوڑھوں کی بیماری کی علامات جاننے کے لیے آپ کے منہ کا معائنہ کرتے ہیں۔

ڈینٹل ٹیم اس بات کا اندازہ لگائے گی کہ کیا مستقبل میں آپ کو دانتوں، منہ یا مسوڑھوں کے مسائل کا خطرہ لاحق ہو سکتا ہے۔

مجھے کتنی کثرت سے چیک اپ کروانا چاہیئے؟

ڈینٹل ٹیم آپ کے اور آپ کے نگہداشت کنندہ کے ساتھ اس بارے میں بات چیت کرے گی کہ آپ کو اپنا اگلا چیک اپ کب کروانا چاہیئے۔ اگر آپ کو دانتوں کے کسی علاج معالجے کی ضرورت ہو، تو وہ آپ کو مطلع کریں گے کہ آپ کو دوبارہ کب آنا چاہیئے۔
اگر مسائل کے بارے میں جلد نشاندہی کی جائے تو ان کا علاج کرنا اور انہیں مزید بگڑنے سے بچانا زیادہ آسان ہو جاتا ہے۔

جن بالغ افراد کے دانت اور مسوڑھے صحت مند ہوں، جنہیں دانتوں کی بیماری کا کم خطرہ لاحق ہو، وہ تقریباً **ہر دو سال بعد** چیک اپ کروا سکتے ہیں۔

جن بچوں کے دانت اور مسوڑھے صحت مند ہوں، جنہیں دانتوں کی بیماری کا کم خطرہ لاحق ہو انہیں **سال میں ایک مرتبہ چیک** چیک اپ کی پیشکش کی جائے گی۔

اگر آپ کو دانتوں کا کوئی مسئلہ درپیش ہو یا آپ کو دانتوں کی بیماری سے دوچار ہونے کا زیادہ خطرہ لاحق ہو تو آپ کا معائنہ مزید جلدی کیا جائے گا۔

میرا چیک اپ کون کرے گا؟

ایک ڈینٹسٹ، یا دانتوں کا معالج یا حفظانِ صحت کا ماہر آپ کا چیک اپ انجام دے گا۔ ڈینٹل ٹیم اس بات کا فیصلہ کرے گی کہ آپ کے چیک اپ اور کسی بھی علاج معالجے کی انجام دہی کے لیے کون بہترین شخص ہے۔

اگر مجھے علاج کی ضرورت ہو تو کیا ہو گا؟

آپ کو علاج معالجے کے لیے یا ڈینٹل ٹیم کے کسی دوسرے رکن کو دکھانے کے لیے دوبارہ واپس آنے کی ضرورت ہو گی۔ وہ آپ کے لیے وضاحت کر دیں گے کہ کیا آپ کو NHS کے کوئی اخراجات ادا کرنے درکار ہوں گے یا آیا دانتوں کے علاج کی ادائیگیوں کے لیے آپ مدد حاصل کر سکتے ہیں۔

اگر اپنے اگلے چیک اپ سے پہلے مجھے کوئی مسئلہ ہو جائے تو کیا ہوتا ہے؟

اگر آپ کے اگلے چیک اپ سے پہلے آپ کے دانتوں، مسوڑھوں یا منہ میں کوئی مسئلہ ہو جائے، تو دانتوں کی کسی علاج گاہ سے رابطہ کریں اور جلد از جلد معائنے کی ملاقات کی درخواست کریں۔

اگر مجھے ہنگامی طور پر کسی ڈینٹسٹ کو ملنا پڑے تو کیا ہو گا؟

اگر آپ دانتوں کی کسی علاج گاہ تک رسائی حاصل نہ کر سکیں، تو www.111.nhs.uk کے ذریعے 111 پر آن لائن رابطہ کریں یا 111 پر کال کریں۔

مجھے مزید معلومات کہاں مل سکتی ہیں؟

مزید معلومات کے لیے NHS کے یہ ویب پیجز ملاحظہ کریں:

دانتوں کی خدمات اور چیک اپس کے بارے میں معلومات یہاں دستیاب ہیں
www.nhs.uk/dentalservices

دانتوں کی خدمات اور چیک اپس کے بارے میں معلومات یہاں دستیاب ہیں
www.nhs.uk/teethandgums